جوہرآبادشوگرملزلمیٹڈ

JAUHARABAD Sugar Mills Limited

# اطلاع غیرمعمولی اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ جوہرآبادشوگرملزلمیٹڈ (''کمپنی'') کے ممبران کا غیرمعمولی اجلاسِ عام بروز سوموار 7 ستمبر 2020ء کو صبح 11:30 بجے، رجسٹرڈ دفتر B-125، قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ، کوٹ لکھپت، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

**عام امور:**

1۔ 28 جنوری 2020ء کو منعقدہ سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (1)159 کے مطابق 8 ستمبر 2020ء سے شروع تین سالوں کی مدت کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے تعین کردہ منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سات (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:-

a۔ جناب غیاث الحسن
b۔ جناب محمد عامر بیگ
c۔ جناب امجد جاوید آفتاب
d۔ جناب سیف الرحمان
e۔ جناب جمال احمد
f۔ جناب فرحان الیاس
g۔ جناب امجد بشیر حسین

3۔ صاحب صدر کی اجازت سے کسی دیگر امر پر کارروائی کرنا۔

**بحکم بورڈ**

الیوسف

**کمپنی سیکرٹری**

لاہور

مورخہ: 17 اگست 2020ء

نوٹ:۔

1۔ کمپنی کی حصص منتقلی کتابیں 31 اگست 2020ء تا 7 ستمبر 2020ء (بشمول ہر دو ایام) بند رہیں گی۔ **منتقلیاں** کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل، ماڈل ٹاؤن لاہور کو 30 اگست 2020ء کو کاروبار کے اختتام تک وصول ہونے والی اجلاسِ میں شرکت کے استحقاق کیلئے بروقت تصور ہونگی۔

2۔ کوئی ممبر بشمول سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر جو ڈائریکٹرز کے انتخابی مقابلہ میں حصہ لینا چاہتا ہو، کو کمپنی کے ہاں درج ذیل دستاویزات اس کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 14 یوم قبل لازماً جمع کرانی چاہئیں۔

a)۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (3)159 کی پروویژنز کی شرائط میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے اپنے آپ کو پیش کرنے کا اظہار نوٹس معہ بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی اپنی رضامندی۔

b)۔ اس امر کا اعلامیہ کہ وہ متعلقہ قوانین، کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کی فہرستی قواعد کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے بخوبی واقف ہے۔ اور وہ ایکٹ کی پروویژنز، کسی دیگر قابل اطلاق قانون، قواعد وضوابط کے تحت مندرجہ کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کا نااہل نہیں ہے۔

c)۔ آزاد ڈائریکٹر کی صورت میں، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے تحت مطلوبہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (2)166 کی شرائط میں انڈیپنڈینس کی ڈیکلیریشن۔

3۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا مستحق ممبر اپنی جانب سے شرکت اور ووٹ دینے کیلئے کسی دیگر کیلئے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ معہ نمائندہ کے نمونہ دستخط کمپنی کے پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانا ہوگا۔ پراکسیز تاآنکہ مؤثر ہوسکیں، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازماً وصول ہوجانی چاہئیں۔

4۔ وہ ممبران جو اپنے حصص سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) کے ہاں جمع کراچکے ہوں، سے درخواست ہے کہ اپنے اصل CNIC، اکاؤنٹ اور پارٹیسپیشنٹ کے نمبرز ہمراہ لائیں۔ ایسے ممبران کو مزید برآں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمشن پاکستان کے سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں دی گئی گائیڈ لائنز کی پیروی کرنا ہوگی۔

5۔ ممبران کو کمپنی کے ساتھ تمام کارسپانڈنس میں اور اجلاس میں شرکت کے وقت اپنے فولیو نمبر درج کرنے چاہئیں۔

6۔ ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتوں میں تبدیلی، زکوٰۃ ڈیکلریشن اور ٹیکس ایگزیمپشن سٹیٹس، اگر کوئی ہو، باقاعدہ اپنے کارآمد سرٹیفکیٹس کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فی الفور مطلع فرمائیں۔

7- کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (2)132 کے مطابق، اگر کمپنی کو جغرافیائی محل وقوع پر سکونتی مجموعی 10% یا زیادہ شیئر ہولڈنگ کے مالک ممبران سے اجلاس میں بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت کیلئے رضامندی اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 7 یوم قبل وصول ہوئی تو، کمپنی اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی کے حوالہ سے اس شہر میں وڈیو کانفرنس سہولت کا انتظام کرے گی۔ کمپنی ایسے حصص داران کو ایسی سہولت تک رسائی کے قابل بنانے کے لئے وڈیو کانفرنس سہولت کے مقام کی بابت معلومات EOGM کی تاریخ سے کم از کم 5 یوم قبل مطلع کرے گی۔

8۔ ارکان کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 143 تا دفعہ 145 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کی قابل اطلاق کلاز کی ضروریات کے حوالہ سے انتخاب کے مطالبہ کا اپنا حق استعمال کرسکتے ہیں۔

9۔ EOGM میں شرکت کے لئے احتیاطی تدابیر:

کمپنی کے ارکان، عملے اور اسٹیک ہولڈرز (شرکت کرنے والوں) کی صحت ہمارے لئے خاصی اہمیت کی حامل ہے۔ COVID-19 وبائی مرض کے پیش نظر، کمپنی شرکاء کی صحت اور تحفظ کو محفوظ بنانے کے لئے EOGM میں مندرجہ ذیل اقدامات پر عمل درآمد کرے گی۔

a۔ EOGM پنڈال کے داخلی راستے پر ہر ایک شرکاء کے جسمانی درجہ حرارت کا چیک لازمی ہوگا۔ جسمانی درجہ حرارت 37.5 ڈگری سینٹی گریڈ سے زائد کے حامل کسی بھی شخص کو EOGM پنڈال میں داخلے سے روکا جائے گا یا اسے EOGM پنڈال چھوڑنا ضروری ہوگا۔

b۔ ہر ایک شرکاء کو تمام EOGM میں اور EOGM پنڈال کے اندر سرجیکل ماسک فراہم اور پہنایا جائے گا۔

c۔ کمپنی نشستوں کے مابین محفوظ فاصلہ برقرار رکھے گی اور شرکاء کو ہدایت کی جائے گی کہ وہ کسی سے بھی رابطے سے گریز کریں، اپنی سیٹ پر رہیں، دوسروں سے کم سے کم ایک میٹر دور رہیں اور کھانسی کو روکتے ہوئے، سرفیس کی صفائی، اور اپنے ہاتھوں کو باقاعدگی سے دھونے یا سینی ٹائز کرنے کے ذریعہ وائرس کے پھیلاؤ کو کم سے کم کرنے کی کوشش کریں۔

10۔ کمپنی نے EOGM کا نوٹس انگریزی اور اردو زبانوں میں پراکسی فارم کے ساتھ اپنی ویب سائٹ www.jsml.com.pk پر رکھ دیا ہے۔

## کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)166 کے تحت مادی حقائق کا بیان

ایکٹ کی دفعہ 159 کی پروویژنز، اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے مینرز اور انتخاب) ریگولیشنز، 2018 میں درج معیار اور ایکٹ کی دفعہ (1)166 کے تحت مطلوب آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں بھی مندرجہ کے تحت، ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جائے گا۔

99-Concept Advertising